اپنا سر اٹھائیں اور کہیں، آپ کی بات سنی جائے گی اور مانگیں، آپ کو دیا جائے گا اور شفاعت کریں، آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے: نبی ﷺ نے بتلایا کہ ''آپ ﷺ (روز قیامت) اپنے رب کے سامنے آکر سجدے ریز ہو جائیں گے اور اس کی حمد بیان کریں گے (یعنی پہلے شفاعت نہیں کریں گے) پھر آپ ﷺ سے کہا جائے گا: ''اپنا سر اٹھائیں اور کہیں، آپ کی بات سنی جائے گی اور مانگیں، آپ کو دیا جائے گا اور شفاعت کریں، آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی''

[صحیح] [متفق علیہ]

روز قیامت رسول اللہ ﷺ تشریف لائیں گے اور اللہ کو سجدے کریں گے اور اس سے دعا کریں گے پھر اللہ تعالی آپ ﷺ کو شفاعت عظمی کی اجازت مرحمت فرمائے ہوئے کہے گا: مانگیں، آپ کو دیا جائے گا، شفاعت کریں، آپ کی شفاعت قبول کی جائے گی یعنی آپ کا سوال قابل قبول اور آپ کی شفاعت مقبول ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3393